17 طول۔وزن۔حجم

تصویریں دیکھیے۔پیمائش کس طرح کی جارہی ہے بتلائیے۔

ذیشان نے کتاب کی لمبائی اس طرح معلوم کی۔

اس پیمائش کو چار انگشت کہتے ہیں۔

آشا نے ٹیبل کی لمبائی اس طرح معلوم کی۔

اس پیمائش کو بالشت کہتے ہیں۔

ریحانہ نے ہار کی لمبائی اس طرح معلوم کی۔

اس پیمائش کو ہاتھ کہتے ہیں۔

شازیہ نے چٹائی کی لمبائی اس طرح معلوم کی۔

اس پیمائش کو قدم کہتے ہیں۔


تصویروں کا مشاہدہ کروائیں۔غیر معیاری پیمانے کے طور پر انگشت، بالشت، ہاتھ، قدم طول کی پیمائش کے لیے استعمال کرتے ہیں، اس بات سے بچوں کو واقف کروائیں۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

(الف) زیادہ وزنی کو '✓' کے ذریعہ ظاہر کیجیے۔



(ب) جس پیالے میں زیادہ پانی کی گنجائش ہے خانہ میں '✓' درج کیجیے۔



(ج) کس پیالے میں چائے کم سماتی ہے؟ '✓' کے ذریعہ نشاندہی کیجیے۔

تصویروں کا مشاہدہ کروائیں۔ مباحثہ کے ذریعے سمجھائیں۔

SCERT TELANGANA

(د) ایسا کیجیے۔ آپ اپنے دوستوں کے ساتھ آگے کی طرف چھلانگ لگائیے۔ کس نے کتنی دور چھلانگ لگایا ہے، چھڑی کے ذریعے اور ہاتھ کے ذریعہ پیمائش کر کے ذیل کی جدول میں درج کیجیے۔

طالب علم کا نام	لگائی گئی چھلانگ کا فاصلہ	
	ہاتھ	چھڑی

(ہ) تختی اور ٹیبل کی لمبائی کتنے پنسل کے برابر ہوگی؟ اندازہ لگائیے۔ پیمائش کر کے دیکھیے۔

SCERT TELANGANA

بچوں سے پیمائش کروائیں۔ پیمائش کو درج کروائیں۔ ایسے سوالات کریں کہ بچے مختلف پیمائشات کے فرق کو پہچان سکیں۔

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

اکتسابی مشغلے

(الف) کمرہ جماعت میں پائے جانے والے ذیل کی اشیا دیکھیے۔ پنسل سے کم لمبائی والی اشیا پر '✓' کا نشان لگائیے۔



(ب) ان ترکاری کی جوڑیوں میں کونسی وزنی ہے؟ اور کونسی ہلکی؟ اندازہ لگائیے۔



(ج) اگر بکیٹ کو جلد از جلد پانی سے بھرنا ہو تو جگ استعمال کیا جائے یا گلاس؟ اندازہ لگائیے۔ بھر کے دیکھیے۔

ہدایتوں کے مطابق بچوں کو مندرجہ بالا مشاغل خود سے حل کرنے کے قابل بنائیں۔

SCERT TELANGANA